میوزک : بہترین گیتوں کی فلم او پی نیر

बसन्त

بسنت

اداکاران

نوتن ۔ شمی کپور ۔ مکری
مینو ممتاز ۔ پران ککو

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی
(الہ آباد پریس دہلی)

بسنت کے گانے

گانا نمبر۱

آ، او میڈم ٹینسی، یو آر مائی ٹینسی
جس لڑکی سے پیار کروں وہ بولے نو دیکنسی
بجلی بھری یہ جوانیاں، میں کیا کروں، چاروں طرف مستانیاں، میں کیا کروں
گھوم گھوم کے جھوم جھوم کے دل سے دل ملا لے ۔۔ او میڈم
کرکے اشارے ساجنا، میرا دل گیا۔ نرم کلیجہ ظالما، میرا دل گیا
دل تو ایک ہے، عشق لاکھ ہیں، چار سے ظالما جا
یوں اِٹھلا کے نہ چلو مر جاؤں گا۔ یوں اِٹھلا کے نہ چلو مر جاؤں گا
گول گول ہے کتنا مول ہے، پھول سے مکھڑے کا۔ او میڈم
تیرے جیسے دلربا پھرتے گلی گلی
مجھ سی تم کہیں نہ پاؤ گے ادھ کھلی کلی
ایک آنکھ ہے لاکھ کی بار بار دیکھو
او میڈم

نمبر۲: پیچھے ہٹ ہٹ بالو چھیڑ نہ مجھے میٹھی میٹھی انکھیوں سے دیکھ نہ
میں بنگالی جادوگرنی میں تو چلتی پھرتی ہرنی مجھے گھیر نہ
میں ہوں سپیرن بینی نال کی جانا ہے بمبئی بابو جانا ہے بمبئی
ہو، وہاں بسے میرا پریتم پیارا، پریت ہے میری نئی
لالہ گھیر نہ بالو چھیڑ نہ ۔ پیچھے ہٹ ۔۔۔
پیا میرے شوقین کھلاڑی میں ہوں کھلونے جیسی
ہائے رے میں ہوں کھلونے جیسی
پیار کا کھیل پیا سنگ کھیلوں سب کی ایسی تیسی ۔ لالہ گھیر نہ ۔

گانا نمبر۳: ۔ دنیا کی فور ٹوینٹی
بار بار کے جل بھری ٹمر دی جیلم جنتی ۔ دنیا فور ۔۔۔
عشق کی ہے زینت نرالی بن ٹھن کے آئے کرنے قوالی

لقل کا اُلجھا گانٹھ کا پورا دیس محبت باکٹ خالی
جہاں کبھی دیکھی کرلی جیبیں دیں بجا دی گھنٹی — دُنیا اور —
چھوکریا بانکی متنالی، سب ہیں پیسے کی دیوانی
اِن کو چاہیے موٹا گجرا، موٹر، ساڑی، ہیرے دانے
جہاں بھی نکلا اچکن دیکھا شبنم سنتی — دُنیا —
اور رے تیری محبت پاک، ہیں دین کے سر پر خاک
اب اگر ہیں جلتے مرنے، مسٹر ہم بھی ہیں چالاک
ہوگئے ہیں تیری محبت کیسی چھوڑو منظم بیٹی — دُنیا —
بابا کے بہن اور بھائی، سب ہیں مطلب کے سودائی
جیب گرم تو یار ہزاروں، گر خالی ہو تو کون ہے بھائی
اِک دِن اِن کو مال نہ دو پھر دیکھو بگڑ بیٹھی — دُنیا —
ہمیں: میرے لنگے میں گھنگھرو لگا دے — ہو — او
میرے لنگے میں گھنگھرو لگا دے تو پھر میری چال دیکھ لے
اپنی زلفوں میں اپنی پھنسا لے، ہو او کالی زلفوں میں —
ہائے میرے لنگے میں ... ہائے میرے لنگے —
ہو کالی زلفوں میں —
پتلی کمریا ایسے لچکے، جو امبوا کی ڈالی
مفت میں تجھ کو کیوں دکھلا دوں چال اپنی متوالی
جوتی لے دے جوتی لے دے ستاروں والی
ہائے جوتی لے دے ستاروں والی، تو پھر میری چال —
تو ہے چھتے کی چھپکلی، میں شملے کا بابو
عمر قید چاہے ہو جائے کر کے رہوں گا قابو
تیکھی نظروں سے بجلی گرا دے، ہم — او — او
تیکھی نظروں سے بجلی گرا دے، تو پھر میرا حال —
لڑکی: ہو میرے لنگے میں ... لڑکا: ہو کالی زلفوں میں —
گورے مکھڑے کا لاکڑانا گھٹا میں بدلی چھپے
لال چھپریا، بدن سنہرا، آنکھیں مدنی دیکھے

سانولی ہے دے سانولی ہے دے نیناں والی، تو پھر میری
کالی زلفوں میں ....
تُو نے میری سونی گوری، بہن تیرا سینوالی، تیرے سیکے کب ہیں پھیرے ہو تم کیسے ہو
گورے ہاتھوں میں ہائے گورے ہاتھوں میں مہندی لگائے ہو
گورے ہاتھوں میں مہندی لگالے، تو پھر میرا حال دیکھے
او بی میرے لیٹے گے ہیں .... کالی زلفوں میں ....

گانا نمبر ۵:۔ نینوں میں سورج کی کرنیں چندا جیسا روپ ہے
بچنا بابو جل نہیں جانا، بہت کڑی یہ دھوپ ہے
حُسن کی گرمی جہاں وہاں پر زلفوں کے بھی سائے ہیں
گرمی سردی دونوں ہوگی، سوچ سمجھ کر آئے ہیں
ہر گرمی کے بعد ہو برکھا دنیا کا دستور ہے
بچنا بابو ...... نینوں میں سورج ...
چاند کو چھونے چلا ہے دیکھو اُڑ کر چکور رے
کیسے پہنچے گا تو چکور، ہر پھیرے کمزور رے
پاگل پنچھی یہ نہیں جانے چندا کتنی دور ہے
بچنا بابو .... نینوں میں سورج ..
پھولوں کی خاطر مالی کو کانٹوں سے نبھانا پڑتا ہے
پیار تو ہے اک آگ کا دریا، ڈوب کے جانا پڑتا ہے
جو کچھ ہوگا سب سہہ لیں گے اس دل کو منظور ہے
بچنا بابو .... نینوں میں سورج ...

گانا نمبر ۶:۔ چوری چوری اک اشارہ ہوگیا
دل ہمارا تھا تمہارا ہوگیا
تُو ہمارا تھا ہمارا ہوگیا۔ دل تمہارا تھا تمہارا ہوگیا
کیوں چمک اُٹھے ہیں تیرے گال گورے کیوں تیری آنکھوں میں ظالم لال ڈورے
آ۔ آ۔ آ۔ آ
اک ستمگر کا نظارہ ہوگیا۔ دل تمہارا ...
چوری چوری .. خوب حسن رکھے تجھے مجنوں کے ملانے

اُمنگوں ٹاپایا تھا لیطا کی ادلے ـــ آ۔آ۔آ۔آ

پھر وہی قصہ دوبارہ ہو گیا ہے ۔ دل تمہارا...

سوچتے تھے کیسے گزرے زندگانی ۔ ہو گئی تیری نظر کی مہربانی

ہائے، بس یہی سمجھو گزارا ہو گیا ہے ۔ دل ہمارا...

گانا بمنٹ:۔ اجی الفت کو خوشیوں کی کہانی کون کہتا ہے

حسینوں کے ستم کو مہربانی کون کہتا ہے

غضب ہے کہر ہے طوفان ہے فتنہ ہے، آفت ہے

حسینوں کی جوانی کو جوانی کون کہتا ہے

ارے، ہم نے اُن کے سامنے پہلے تو خنجر رکھ دیا

پھر کلیجہ رکھ دیا، دل رکھ دیا سر رکھ دیا

اب تو شادی ہو نہ ہو، تیری حکومت ہو چکی

ارے یہ نہیں عاشق تیرے آبانے بکر رکھ دیا

دل تو غیروں کے میرے دلبر نے ہنس ہنس کر لیے

ارے دل میرا ظالم نے دیکھا، مسکرا کر رکھ دیا

میں نے جب پوچھا میری جاں شکل ہے کیسی میری

بے وفا نے سامنے لا کر ٹماٹر رکھ دیا

اپنے عاشق کو میری جاں تو نے پہچانا نہیں

ایک دن میں پیار کا نقشہ بدل کر رکھ دیا

ہم سے شکوہ کس لئے دنیا سے شکوہ کیجئے

جس نے اپنے درمیاں لا کر مقدر رکھ دیا۔ ارے ہم نے اُن کے ـــ

نمبر ۹:۔ اُمڑ ڈگڑ ڈمبا ہجو ۔ ڈگڑ ڈمبا...

لڑکا:۔ رارا ہو ہو ہو ۔ لڑکیاں:۔ چھیل چھبیلی چھوری ہو ۔ چھیل...

میں چھوٹی سی چھیل چھبیلی، میں چھوٹی سی، ای ای

میں چھوٹی سی چھیل چھبیلی، بالم لمبا لمبا

لڑکی:۔ پتلی کمریا، لہنگا بھاری، موسم جانانہ جلئے

ہاتھ پکڑ کے چال سکھا دے، تیری لگوں گی ہائے رے

میں رہوں گی بتیاں سنگ تمہارے، رہوں گی

رہوں گی سکھیاں سنگ تمہارے، میں بجلی تو کھمبا

لڑکے:۔ آ کر... لڑکی:۔ میں چھوٹی سی۔ لڑکے:۔ آ کر...
تو جو گیا تو مرجاؤں گی، تو ہے میری جان
گھڑی پل کی ایک ملی ہے، دل میں سو ارمان
ہو، چھوٹی سی ہے رات سماجنا۔ چھوٹی سی ہے اے اے
چھوٹی سی ہے رات سماجنا، قصہ لمبے لمبے
کہاں ملے گا اس دنیا میں ایسا روپ دلوالے
چال شرابی، ہونٹ گلابی۔ دانت انار کے دانے
ہو، تجھ کو میں آج سکھا دوں، آ تجھ کو میں، اے
تجھ کو میں آج سکھا دوں پیار کا زمینا سمیا
لڑکے:۔ آ کر... دکر...
گانا نمبر ۹:۔ لڑکی:۔ ادھر کیں خوبصورت ہوں ادھر تو خوبصورت ہے
لڑکا:۔ مجھے تیری، تجھے میری لڑکی:۔ ضرورت ہے
لڑکی:۔ بہت دیکھے ہیں دل والے مگر تم سب سے نکھیے ہو
خدا جانے کہ یہ کافر ادائیں کس سے سیکھے ہو
لڑکا:۔ حسیں دیکھے ہزاروں پر تو سب سے خوبصورت ہے
مجھے تیری تجھے میری ضرورت ہے
لڑکی:۔ میں اپنی ریشمی زلفیں بکھیروں گی نظاروں میں
تو کھیلے کھیل کلیوں کی مچلتے آبشاروں میں
لڑکا:۔ مجھے معلوم ہوا معلوم دنیا خوبصورت ہے۔ جی دنیا...
لڑکی:۔ بنٹ کر دو جہاں دل کی خوشی لینے کو جی چاہے
میں اک بیتاب دل لائی ہے، مجھے دینے کو دل چاہے
لڑکا:۔ قریب آجا ذرا دیکھوں۔ تو کتنی خوبصورت ہے۔ تو کتنی۔
لڑکی:۔ ادھر کیں... لڑکا:۔ مجھے تیری...
نمبر ۱۰:۔ میرے دل پہ لگا دے ڈارلنگ اپنے نام کی چٹ
لڑکی:۔ میرے پیار کی فلم نئی تو ہو جائیگی ہٹ کورس:۔ ہٹ
لڑکی:۔ تو ہے صاحب میں ہوں میم، آ کھیلیں نظروں کی گیم
ہو بی ڈ ڈ ے جا تیرا تجھ کو فلم میں کر دوں فٹ
کورس:۔ فٹ فٹ — لڑکی:۔ میرے دل پہ...

لڑکا:۔ تیرے میرے پیار کی — کورس:۔ ہٹ ہٹ ..

لڑکا:۔ تیرے پیاری صورت کیسی خستہ گرم جلیبی جیسی

نرم نرم ہے حسن تیرا یوں کیڈ بری چاکلیٹ

کورس:۔ چاکلیٹ

لڑکی:۔ میرے دل پہ ..

لڑکا:۔ تیرے میرے پیار کی — کورس:۔ ہٹ ہٹ ..

لڑکی:۔ بالم کتنا ظالم ہے یوں کے انگلش دل کو چرائے

دیکھو جی گھر کو لے جاؤ اپنی یہ گیٹ میٹ

کورس:۔ گیٹ میٹ

لڑکی:۔ میرے دل پہ ..

لڑکا:۔ تیرے میرے پیار کی — کورس:۔ ہٹ ہٹ ..

لڑکا:۔ کیوں نہیں بنتی ظالم میری، کیوں کرتی ہے میرا پھیری

ابھی اپنی جوڑی ہے ہیں ماچس تو سگریٹ

کورس:۔ سگریٹ

لڑکی:۔ میرے دل پہ ..

لڑکا:۔ تیرے میرے پیار کی — کورس:۔ ہٹ ہٹ ..

گانا نمبر ۱۱

لڑکا:۔ گھوم کے آیا ہوں میں ہندوستان، دس، چین، انگلینڈ

انڈیا والو، میرے آؤ تو سن کر میرا بینڈ

باجے والا بجانے والا

میرے بینڈ میں ڈھول بجاتے تھے تیری طرح کمزور

سچ کہتا ہوں دنیا والو کرتا نہیں غرور

باجے والا بجانے والا — گھوم کے آیا ...

لڑکی:۔ آشا بھوسلے اور نیح کے تم سب ہو دیوانے

اب اچھی ابنلے والی، آئی بینڈ بجانے — باجے والا ..

گھوم کے آئی ہوں ... لڑکا:۔ باجے والا ...

لڑکا:۔ ہیمنت، شنکر جے کشن، او پی نیر، نوشاد

یہ سب ہیں شاگرد میرے، جو تھی ان کا استاد

باجے والا ... گھوم کے آیا ہوں ...

گانا نمبر ۱۲

لڑکی:۔ رت چاندنی سمیہ سہانا ہے — بلے بلے آ

لڑکی:۔ تو ہے بلے گا ہر دم پیارا، چھوڑی ہو، ہوئے چھوڑی

لڑکی:۔ کوئلا چھپا کی بارات آئی ہے آج میرے بتیاں کی
کوئلا چھپا کی ... آج تیرے ...
لڑکی:۔ ہوا او آج میرے ... کورس:۔ رات چاندنی ...
لڑکی: میں بھی ہر ایک تاروں جیسے دولہا چندا جیسا، ہائے رے چندا ..
گھونگھٹ کے پٹ کھول کے دیکھو روپ ہے میرا کیسا، ہائے رے روپ ...
ہائے رے میرے ظالم رات آ گئی ہے
لڑکیاں:۔ آج تیرے ... لڑکی:۔ آج میری ...
کوئلا چھپا کی ... آج تیرے ...
لڑکی:۔ ہو، او آج میرے ... کورس:۔ رات چاندنی ...
لڑکی:۔ آؤ بیٹھو جلدی کیا ہے میں بلہاری جاؤں
تیرے ہونٹ کی سرخی لے کر بندیا آج لگاؤں
بندیا آج لگاؤں ... لڑکیاں:۔ تیرے ہونٹ کی ...
لڑکی:۔ رک جا رے چندا لبوں پہ بات آئی ہے
لڑکیاں:۔ کوئلا چھپا کی ... آج میرے ...
لڑکی:۔ لوگ بچھائیں سیج پہ کلیاں
میں نے بچھائیں انکھیاں تیری راہ میں ... انکھیاں ...
ایسی ویسی بات نہ کہنا، دھڑکے موری چھتیاں
ہائے رے دھڑکے چھتیاں
لڑکیاں:۔ ایسی ویسی بات نہ کہنا ...
لڑکی:۔ برسوں ترس کے گھڑی ملن کی رات آئی ہے
لڑکیاں:۔ آج تیرے ... لڑکی:۔ ہو، او آج میرے ...
" کوئلا چھپا کی ... آج تیرے ...
لڑکی:۔ ہو، او آج میرے بتیاں کی برات آئی ہے
کورس:۔ رات چاندنی سمجھ سہانا
بلے بلے بلے

ختم شد